سبق–10

4205CH10

جاڑا

جاڑا دھُوم مچاتا آیا
کپڑے گرم پنھاتا آیا
کیسی ہَوا ہے فَرفَر فَرفَر
کانپتے ہیں سب تھَرتھَر تھَرتھَر
چھُپ جاتا ہے سوُرج جَلدی
لگتی ہے اِس کو بھی سَردی

ہا ہا ہا ہا، ہی ہی ہی ہی
ہؤ ہؤ ہؤ ہؤ، سی سی سی سی
ہائے ری سردی، ہائے ری سردی
سارے بدن میں برف سی بھر دی

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

پنھانا	:	پہنانا

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. گرم کپڑے کس موسم میں پہنتے ہیں؟
2. جاڑا کس طرح آیا ہے؟
3. جاڑے میں ہوا کیسے چلتی ہے؟
4. سؤرج جَلدی کیوں چُھپ جاتا ہے؟
5. سارے بدن میں برف بھرنے کا کیا مطلب ہے؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

سورج	برف	دھوم	سردی	ہوا

1. جاڑا ________ مچاتا آیا
2. کیسی ________ ہے فَرفَر فَر
3. چُھپ جاتا ہے ________ جَلدی
4. لگتی ہے اس کو بھی ________
5. سارے بدن میں ________ سی بھردی

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. | ج | ا | ڑ | ا | = ...
2. | س | و | ر | ج | = ...
3. | ک | پ | ڑ | ے | = ...
4. | ل | گ | ت | ی | = ...
5. | س | ر | د | ی | = ...

مثال دیکھ کر حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

مثال	=	ہَوا	کی	فَرفَر

الف	ب
	ٹِک ٹِک
	ٹَن ٹَن
	جَھم جَھم
	چَھم چَھم
	چُھک چُھک
	ڈَھم ڈَھم

تصویر میں دکھائی گئی چیزیں کس موسم میں استعمال ہوتی ہیں؟ نام لکھیے۔

نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے

الف	ب
جاڑا دھوم	سورج جَلدی
چُھپ جاتا ہے	ہی ہی ہی ہی
سارے بدن میں	مچاتا آیا
ہا ہا ہا ہا	تھَر تھَر تھَر تھَر
کانپتے ہیں سب	برف سی بھر دی

سوچیے اور بتائیے۔

1. دھوپ ہمیں کس موسم میں اچھّی لگتی ہے؟
2. سردی سے بچنے کے لیے آپ کیا کرتے ہیں؟
3. آپ کو کون سا موسم پسند ہے اور کیوں؟
4. جاڑے کے علاوہ اور کون کون سے موسم ہیں؟

بعد میں آنے والے موسم لکھیے۔

1. گرمی کے بعد ______
2. برسات کے بعد ______
3. سردی کے بعد ______

خوش خط لکھیے۔

سردی					
برف					
بدن					
سورج					
جاڑا					

اس نظم کو یاد کیجیے۔